کے مطالعہ کی پُر زور سفارش کرتے ہیں۔ (م - ا - ب)

دی ہولی قرآن

ترجمہ اور تشریحی تعلیقات

مترجم و شارح : مولانا عبدالحمید صدیقی

شائع کردہ : اسلامک بک سنٹر، لاہور

مولانا عبدالحمید صاحب صدیقی ان خوش نصیب لوگوں میں سے ہیں جنھوں نے اپنی علمی زندگی کو اس جلیل القدر مقصد کے لیے وقف کر رکھا ہے کہ قرآن و سنت کی روح اور تقاضوں کو انگریزی زبان میں اس انداز سے منتقل کر دیا جائے کہ جس سے مغربی دنیا کو ان علوم و معارف سے استفادہ و آشنائی کا موقع فراہم ہو، جو براہِ راست عربی زبان کی بیحتوں سے ناواقف ہونے کی وجہ سے ایک عرصے سے محروم چلی آ رہی ہے۔

اس سے پہلے وہ صحیح مسلم کے انگریزی ترجمہ سے عہدہ برآ ہو چکے ہیں اور اب ان کا ارادہ ہے کہ قرآن حکیم کے ترجمہ کی طرف متوجہ ہوں۔ اللہ تعالیٰ ان کو اس اہم فریضہ کو ادا کرنے کی توفیق مرحمت فرمائے۔

اس وقت ہمارے سامنے قرآن حکیم کا پہلا پارہ ہے جس کو انھوں نے انگریزی کے قالب میں ڈھالا ہے۔

ترجمے کے بارے میں ہماری جچی تُلی رائے یہ ہے کہ اس سے کسی بھی زبان کی اصلی و حقیقی خوبیوں کو منتقل نہیں کیا جا سکتا، کیونکہ ہر زبان کا اسلوبِ اظہار، مزاج اور دلالت و ترجمانی کا انداز اپنا ہوتا ہے، جس کو بعینہٖ کسی بھی دوسری زبان میں بیان نہیں کیا جا سکتا۔ اس لیے جب بھی کوئی شخص ترجمہ کرنے کی زحمت گوارا کرے گا، اسے دو باتوں میں سے ایک کو بہر حال اختیار کرنا پڑے گا۔ یا تو وہ اس چیز کا اہتمام کرے گا کہ اصل زبان کی صرف و نحو اور اسلوبِ اظہار کا پورا پورا خیال رکھے۔ اور یا اس کی کوشش اس ڈھنگ کی ہو گی کہ جس زبان میں ترجمہ ہو رہا ہے، اس کے مزاج، خصوصیات اور تیور نسبتاً زیادہ ملحوظِ خاطر رہیں۔ صدیقی صاحب کا تعلق اول الذکر انداز سے ہے۔ انھوں نے کوشش کی ہے کہ ترجمہ میں عربی زبان کے صرفی و نحوی تقاضے مجروح نہ ہونے پائیں۔ اور یہی ان کے ترجمہ

کی اہم خصوصیت ہے۔

کاغذ، ٹائپ اور ٹائیٹل ہر لحاظ سے معیاری اور دیدہ زیب ہے۔

امید ہے قرآن حکیم کے مطالب و معارف سے شغف رکھنے والے تمام حضرات اس سے استفادہ کریں گے۔ (م - ح - ن)

بچوں کے لیے حدیث

مصنف : ڈاکٹر عبدالرؤف

ناشر : فیروز سنز لاہور

صفحات : ۱۵۲ - کتابت، کاغذ، طباعت بہترین۔

قیمت : پانچ روپے پچاس پیسے۔

ڈاکٹر عبدالرؤف پاکستان کے مشہور اہلِ علم ہیں جو بچوں کی تعلیم و تربیت کا وسیع تجربہ رکھتے ہیں اور اس موضوع سے متعلق کئی کتابوں کے مصنف ہیں۔ اس سلسلے میں ان کی تازہ کتابوں میں سے ایک کتاب "بچوں کے لیے حدیث" ہے۔ ابتدا میں انھوں نے آسان زبان میں حدیث کی جمع و تدوین پر روشنی ڈالی ہے اور احادیث کے مختلف مجموعوں اور مروجہ کتابوں کا تعارف کرایا ہے جو بچوں کے علاوہ سب کے مطالعے کے قابل ہے۔ پھر آداب، میل جول، خوش اخلاقی صفائی، کھانے پینے کے طریقے، علم کی اہمیت وغیرہ بہت سے امور کی حدیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی روشنی میں وضاحت کی ہے۔ فاضل مصنف نے اس کا انداز یہ رکھا ہے کہ ایک عنوان قائم کر کے پہلے ایک حدیث درج کی ہے، اس کے ساتھ (بین السطور) اس کا لفظی ترجمہ کیا ہے، پھر نیچے بامحاورہ ترجمہ دیا ہے۔ اس صورت میں یہ کتاب نہ صرف بچوں کے لیے بلکہ عام تعلیم یافتہ طبقے اور واعظین و مقررین کے لیے بھی بہت مفید ہے۔ احادیث پر اعراب لگائے گئے ہیں۔

یہ کتاب اس لائق ہے کہ ہر شخص اس کو اپنے مطالعہ میں لائے اور بالخصوص بچوں کو پڑھائے۔

(م - ا - ب)